PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ONE NATION ONE PASSION

# شائقینِ کرکٹ کا اٹھارہ سال بعد پاکستان آمد پر نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے بھرپور استقبال کا اعلان

**لاہور،8 ستمبر 2021ء:**

کسی بھی کھیل کی پذیرائی کا اندازہ مداحوں میں اس کی مقبولیت سے لگایا جاتا ہے۔ یہ مداح ہی تو ہیں جو کسی بھی کھیل کی حقیقی ترجمانی کرتے ہیں۔ کرکٹ کی اصل روح بھی شائقین کرکٹ کو قرار دیا جاتا ہے۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کے مداح دنیا بھر میں مقبول ہیں کیونکہ وہ نہ صرف اسٹیڈیم پہنچ کر اپنی ٹیم کو بھرپور داد سے نوازتے ہیں بلکہ گراؤنڈ کے چاروں اطراف مختلف اسٹینڈز میں بیٹھے یہ تماشائی پاکستان کا دورہ کرنے والی ہر ٹیم کی بھی بھرپور حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

شائقین کرکٹ نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے 18 سال بعد دورہ پاکستان پر بہت خوش ہیں اور وہ مہمان ٹیم کا راولپنڈی اور لاہور میں بھرپور استقبال کرنے کے منتظر ہیں۔

مہمان ٹیم 3 ون ڈے انٹرنیشنل اور 5 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز پر مشتمل سیریز کھیلنے کے لیے 11 ستمبر کو اسلام آباد پہنچے گی۔ یہ تینوں ون ڈے انٹرنیشنل میچز آئی سی سی ورلڈ کپ سپر لیگ کا حصہ ہیں۔

**چاچا کرکٹ، سیالکوٹ:**

قومی کرکٹ کے معروف پرستار محمد جلیل عرف چاچا کرکٹ کا کہنا ہے کہ انہوں نے 18 سال قبل نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کو آخری مرتبہ پاکستان میں کرکٹ کھیلتے ہوا دیکھا تھا ،خوشی ہے کہ وہ اب ایک طویل عرصے بعد دونوں ممالک کی کرکٹ ٹیموں کا حوصلہ بڑھانے اسٹیڈیم کا رخ کریں گے۔

**چھوٹا چاچا کرکٹ،لاہور:**

چھوٹا چاچا کرکٹ کا کہنا ہے کہ ویسے تو ان کی عمر 61 سال ہے مگر ان کی کرکٹ سے محبت اور وابستگی اتنی شدید ہے کہ وہ جب بھی کرکٹ کا میچ دیکھتے ہیں یا اس سے متعلق کوئی بھی بات سنتے ہیں تو پرجوش ہو جاتے ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ ان کی عمر 18 سال ہو گئی ہے اور وہ پھر سے جوان ہو گئے ہیں۔

**لیلیٰ رضوی، کراچی:**

کراچی سے تعلق رکھنے والی قومی کرکٹ ٹیم کی مداح لیلیٰ رضوی کا کہنا ہے کہ وہ اس تاریخی سیریز کے آغاز کی شدت سے منتظر ہوں۔ وہ دل کی گہرائیوں سے بابر اعظم کی ٹیم کی مکمل حمایت کر رہی ہیں۔

**زہرا اور یزدان (ننھے پرستار)،لاہور:**

لاہور کے دو ننھے پرستاروں، زہرا اور یزدان کا کہنا ہے کہ وہ بابر اعظم اور ٹام لیتھم کی ٹیموں کو مد مقابل دیکھنے کے منتظر ہیں۔ وہ دونوں پاکستان اور نیوزی لینڈ کے مابین پانچوں ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز دیکھنے کے لیے قذافی اسٹیڈیم لاہور کا رخ کریں گے۔

**ماما کرکٹ،سندھ:**

سندھ سے تعلق رکھنے والے پاکستان کرکٹ کے پرستار، ماما کرکٹ کا کہنا ہے کہ وہ نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کو 18 سال بعد پاکستان کا دورہ کرنے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

**فاطمہ بلال، لاہور:**

لاہور سے تعلق رکھنے والی کرکٹ فین فاطمہ بلال کا کہنا ہے کہ وہ مہمان ٹیم کی پاکستان آمد پر بہت پرجوش ہیں۔ وہ اس موقع پر ملے جلے تاثرات رکھتی ہیں تاہم خوشی ہے کہ آئندہ چند روز میں انہیں اپنے شہر میں سنسنی خیز کرکٹ دیکھنے کو ملے گی۔

**امجد پہلوان، اسلام آباد:**

امجد پہلوان کا کہنا ہے کہ وہ بابر اعظم کے بہت بڑے پرستار ہیں اور وہ اپنے فیورٹ کرکٹر کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی کا رخ ضرور کریں گے۔

**آمنہ فاروق، لاہور:**

لاہور سے تعلق رکھنے والی آمنہ فاروق کا کہنا ہے کہ وہ نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے 18 سال بعد پاکستان کے دورہ پر بہت خوش ہیں اور وہ پاکستان کرکٹ ٹیم کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتی ہیں۔

**طیبہ رضوی، لاہور:**

طیبہ رضوی کا کہنا ہے کہ وہ نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے خلاف شاہین شاہ آفریدی کو ایکشن میں دیکھنے کی منتظر ہیں۔

**چاچا پاکستانی، لاہور:**

چاچا پاکستانی کا کہنا ہے کہ وہ نیوزی لینڈ کرکٹ کا استقبال کرنے کے لیے ایک خصوصی پوسٹر اٹھائے اسٹیڈیم کا رخ کریں گے۔ وہ اسٹینڈ سے نیوزی لینڈ کا جھنڈا بھی فضاء میں سر بلند کریں گے۔

**مسٹر پاکستان، لاہور:**

مسٹر پاکستان کا کہنا ہے کہ وہ کرکٹ سے بہت پیار کرتے ہیں اور وہ کسی ایک ٹیم کی حمایت کی بجائے اس سیریز میں لگنے والی ہر باؤنڈری، گرنے والی ہر وکٹ اور پھینکی جانے والی پر گیند پر بھرپور داد دیں گے۔

-ENDS-

**Media contact:**

Ibrahim Badees Muhammad
Team Media and Digital content manager for Pakistan's tour to England and West Indies
E: Ibrahim.badees@pcb.com.pk
W: +92 (0) 345 4743 486

